# 37749 ـ علاجی بتی کے استعمال سے روزہ فاسد نہیں ہوتا

**سوال**

میں رمضان میں دن کے وقت تھکاوٹ اورسردرد محسوس کرتا ہوں بعض لوگوں نے مجھے علاج کے لیے بتیاں ( جودبرکےراستے استعمال کی جاتی ہیں )استعمال کرنے کا کہا تا کہ سردرد کی حدت میں کمی پیدا ہوسکے ، توکیا یہ علاج روزہ توڑ فاسد کردیتا ہے ، مجھے مستفید کریں اللہ تعالی آپ کو استفادہ سے نوازے گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

دن میں روزے کی حالت میں علاج کی بتیاں استعمال کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ، اوراسی طرح اگر روزہ دار کوانیما کی ضرورت پیش آئے تو اس کی وجہ سے بھی اس کا روزہ خراب نہیں ہوگا ، کیونکہ اس کی دلیل نہیں ملتی کہ انیما کرنا روزہ توڑنے والی اشیاء میں شامل ہے ۔

کیونکہ نہ تویہ کھانے میں اور نہ ہی پینے میں شامل ہوتا ہے اورنہ ہی کھانے پینے کے معنی میں ہے ۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی نے الاختیارات میں کہا ہے :

سرمہ ڈالنے اورانیما کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔۔۔ بعض اہل علم کہ یہی کہنا ہے ۔ ا ھ

دیکھیں : الاختیارات ( 6 / 381 ) ۔

اورشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی الشرح الممتع میں کہتے ہیں :

اس مسئلہ میں راجح قول شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی ہی کا قول ہے : یعنی انیما سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔

دیکھیں : الشرح الممتع ( 6 / 381 ) ۔

واللہ اعلم .